13202-مالک کے لیے اپنی شادی شدہ لونڈی سے جماع کرنا جائز نہیں

سوال

کیا مرد اپنی شادی شدہ لونڈی سے جماع کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

مرد کے لیے اپنی شادی شدہ لونڈی سے جماع کرنا جائز نہیں ، جو بھی یہ کام کرے گا اس نے حرام کا ارتکاب کیا جس کی بنا پر اسے تعزیر لگائی جائے گی ۔

ابن قدامہ مقدسی رحمہ اللہ تعالی المغنی میں کچھ اس طرح رقمطراز ہیں :

اگر مالک اپنی لونڈی کی شادی کردے تو مالک کا اس کے ساتھ جماع کرنا حرام ہوگا ۔ ۔ ۔

آگے فرماتے ہیں :

شادی شدہ لونڈی سے جماع کی تحریم میں کوئی شک وشبہ نہیں اور نہ ہی اس میں کوئی اختلاف ہے ، وہ تو صرف خاوند کے لیے مباح ہے اور پھر یہ بھی ہے کہ ایک عورت دو مردوں کے لیے حلال نہیں اگر مالک نے اس سے جماع کیا تو وہ گنہگار ہوگا اور اسے تعزیر کا سامنا کرنا پڑے گا ۔

اور ایک جگہ پر ان کا قول ہے :

امام احمد رحمہ اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ اسے کوڑے لگائے جائیں گے اور سنگسار نہیں کیا جائے گا ، یعنی اسے کوڑوں کی صورت میں تعزیر لگائی جائے گی ۔ ۔ ۔ دیکھیں المغنی لابن قدامہ (9/ 497) ۔

واللہ اعلم .